حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی شخصیت اور عہد امامت

ڈاکٹر میر محمد علی

www.ketab.ir

علی، میر محمد
حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی شخصیت اور عہد امامت / میر محمد علی۔
مشہد: بنیاد پژوہشہائے اسلامی، ۱۳۸۵۔
ص ۴۷۔ ISBN 964-971-027-2
فہرست نویسی بر اساس اطلاعات فیپا۔
اردو۔
۱۔ علی بن موسیٰ علیہ السلام، امام ہشتم، ۱۵۳ - ۲۰۲ق۔
۲۔ علی بن موسیٰ علیہ السلام، امام ہشتم، ۱۵۳ - ۲۰۲ق۔ ولیعہدی
الف۔ بنیاد پژوہشہائے اسلامی۔ ب۔ عنوان۔
۲۹۷/۹۵۷ PB۴۷/ ع۸۲ ح۲
قومی کتب خانہ ایران ۲۰۸۸۹-۸۲م

بنیاد پژوہشہای اسلامی
آستان قدس رضوی

حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی شخصیت اور عہد امامت

تالیف: ڈاکٹر میر محمد علی (کراچی)
تصحیح: ڈاکٹر حیدر رضا ضابط
کمپوزنگ و ڈیزائننگ: محمد بشیر عالمی اسکردوی
دوسرا ایڈیشن: ۲۰۰۷ء
چھاپخانہ: چھاپخانہ آستان قدس رضوی
تعداد: ۱۵۰۰
قیمت: ۲۸۰۰ ریال
پیشکش: اسلامی تحقیقاتی مرکز آستان قدس رضوی مشہد مقدس
ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت آستان قدس رضوی
پتہ: ٹیلیفون و فیکس نمبر: ۲۲۳۰۸۰۳ شعبۂ فروش (مشہد) پوسٹ بکس نمبر ۳۶۶ / ۹۱۷۳۵
شرکت بہ نشر: مرکزی دفتر (مشہد مقدس) فون: ۷-۸۵۱۱۱۳۶، فیکس: ۸۵۱۵۵۶۰
Website: www. islamic-rf.org E-mail: info@islamic-rf.org

حق طباعت محفوظ

www.ketab.ir

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی شخصیت اور عہد امامت	۷
۲	حالات زندگی	۹
۳	اعلان امامت	۱۲
۴	امام علیہ السلام کا ابتدائی دور، ہارون کے زوال کے آثار	۱۳
۵	امام علیہ السلام کی شخصیت	۱۵
۶	شخصیت معنوی	۱۶
۷	امام رضا علیہ السلام اور عہد مامون	۱۸
۸	سفر امام رضاؑ، مدینہ تا مرد	۲۰
۹	تفصیلات سفر	۲۲
۱۰	شخصیت سیاسی	۲۵
۱۱	شخصیت علمی	۲۹
۱۲	تالیفات	۳۲
۱۳	امام علیہ السلام کے اصحاب اور شاگرد	۳۶
۱۴	شہادت	۳۸
۱۵	تتمہ	۳۹
۱۶	تشکر	۴۰
۱۷	عہد نامہ ولی عہدی	۴۱
۱۸	حوالے	۴۴

www.ketab.ir

حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی شخصیت

اور عہد امامت

ابتدائیہ:

حضرت امام علی ابن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی شخصیت اور عہد امامت کے تجزیاتی مطالعہ کو میں قرآن مجید کے سورہ حج کی ۴۱ ویں آیت سے شروع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَوُ الزَّکٰوۃَ وَ اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ وَلِلّٰہِ عَاقِبَۃُ الْاُمُوْرِ

''وہ لوگ ایسے ہیں جنہیں جب زمین پر صاحب اقتدار بنایا گیا تو انہوں نے نماز قائم کی، زکوۃ ادا کی، نیکی کا حکم دیا اور بدی سے روکا اور ہر چیز کا انجام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔''

اس آیت کی تفسیر میں امام حسینؑ اور امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ ''یہ آیت مخصوص ہے ہم اہل بیتؑ کیلئے'' اور تفسیر نور الثقلین کے بموجب حضرت امام محمد باقرؑ نے کہا کہ یہ پوری آیت آل محمدؐ کی

www.ketab.ir

شان میں نازل ہوئی ہے۔(۱)

ان وضاحتوں کے بعد اس میں کوئی شک نہیں کہ اپنی عمومیت میں یہ آیت تمام ائمہ اثناء عشر کو سمیٹے ہوئے ہے۔

اس آیت کے مندرجات کے پس منظر میں جب ہم امام رضاؑ کی معنوی، علمی اور سیاسی شخصیت کا مطالعہ کرتے ہیں تو امام رضاؑ ایک امتیازی حیثیت کے حامل نظر آتے ہیں وہ اس طرح کہ ائمہ حقہ امامیہ میں حضرت امیر المومنینؑ کی ظاہری خلافت کے بعد امام رضاؑ ہی وہ فرد ہیں جنہوں نے دور امامت میں ولی عہدی کے منصب پر فائز ہو کر مندرجہ بالا آیت میں بیان کردہ شرائط کی تکمیل کے ساتھ انتظام مملکت میں اعانت کی عملی مثال قائم کی اور بتایا کہ دین سیاست سے اور سیاست دین سے جدا نہیں بشرطیکہ یہ عمل احکام خداوندی کے تحت بجالایا جائے۔

اس مقالے میں تین بنیادی حوالوں سے امام رضاؑ کی شخصیت پر بحث کی گئی ہے۔

۱۔ امامؑ کی معنوی اور روحانی شخصیت۔

۲۔ امامؑ کی سیاسی بصیرت اور ولی عہدی کے مضمرات۔

۳۔ امامؑ کے علمی فیوض۔

www.ketab.ir